© rasailojaraid.com



اور خدا کے ہاں جو اجر و ثواب ہے اس کا تو کوئی حد و حساب ہی نہیں۔

مولانا سید پیر خورشید احمد شاہ قدس سرہ حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی کے خلفاء اجل میں سے تھے، جن کی تعداد پاکستان میں دو چار ہی تک محدود ہے۔ اپنے آقا و مرشدؒ کے مشن کی تکمیل کرتے ہوئے ساری زندگی رشد و ہدایت اور اصلاح و ارشاد میں صرف کی۔ حق تعالیٰ جانے والوں کو بہترین مقامات قرب سے نوازتے ہوئے امتِ مرحومہ کو ان کا بہترین بدل عطا فرما دے۔ اور ان کی برکات و فیوضات جاری و ساری رہیں۔ دارالعلوم حقانیہ اور ادارہ الحق ان سانحوں میں پوری امت کا شریک غم ہے۔

رحمہم اللہ تعالیٰ ورضی عنہم وارضاہم

---




© rasailojaraid.com